دیے جائیں تو بہتر ہوگا۔

کتاب کا نام: فضائل مدینہ منورہ (۱۱۰ فضیلتوں کا مجموعہ)

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر مفتی عبدالرحمن کوثر مدنی

ناشر: مکتبہ اصلاح وتبلیغ اردو بازار لاہور

قیمت: درج نہیں، ۱۳۵ صفحات

آپ مولانا عاشق الٰہی ؒ کے فرزند ہیں، بہت جلد خود اپنی شناخت بنا چکے ہیں، آپ اپنا تعارف ہیں، فروری ۲۰۱۳ء میں عمرہ کی سعادت حاصل ہوئی تو موصوف نے کھانے پر مدعو کیا، ملاقات کرکے دلی راحت محسوس ہوئی، کتابوں کا شاندار ذخیرہ موجود ہے اور تصنیف وتالیف کا شغف وراثت میں ملا ہے، جو انشاء اللہ انہیں اپنے والد سے بھی آگے لے جائے گا، یونیورسٹی میں تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ تبلیغی ذمہ داریاں بھی ادا کرتے ہیں۔

کتاب میں مدینہ کے فضائل احادیث صحیحہ کی روشنی میں بیان فرمائے ہیں، پوری کتاب مکمل حوالوں کے ساتھ مرتب کی گئی ہے، فضائل شہر، فضائل آبادی، فضائل فصل، فضائل ماحول، فضائل مقامات، فضائل عبادات، اشیاء میں برکت، دجال جیسے دشمنوں اور وباء سے تحفظ کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

کتاب کا نام: آداب حج وعمرہ

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر مفتی عبدالرحمن کوثر مدنی

ناشر: زمزم پبلشرز

قیمت: درج نہیں، ۷۶ صفحات

جو لوگ حج وعمرہ کی نیت سے جاتے ہیں یہ کتاب ان کی رہنمائی کے لئے لکھی گئی ہے، کتاب کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں، ہر شخص اجازت لے کر اس کتاب کو شائع کرسکتا ہے، کتاب میں مختصر انداز میں مکمل رہنمائی کی گئی ہے، اگر عمرہ کی ہیڈنگ لگا کر اس کے امور کی جانب الگ سے رہنمائی کردی جائے تو مناسب ہوگا۔

کتاب کا نام: The Prohibited and Disliked Actsin Islam (English)

مصنف: Dr. Shabbir Ahmed

Traslated by: Hafiz Ikramullah Ahmed

ناشر: Mount Druitt Sydney Australia

قیمت: 494 pages-Nil

مولانا ڈاکٹر شبیر احمد صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، علوم دینیہ وعصریہ کے حامل عوامی شخصیت ہیں، پندرہ سال سے زائد عرصہ سے سڈنی میں رہائش پذیر ہیں، اور آسٹریلین شہریت کے حامل ہیں، علم فقہ پر عبور رکھتے ہیں اور فقہی مسائل میں اعتدال کی راہ اختیار کرتے ہیں، یہ اور بات ہے کہ آسٹریلیا کے ماحول میں اسے بھی متشددانہ آراء سمجھا جاتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے عصر حاضر کے مسائل پر عوامی رہنمائی کے لئے اردو زبان میں کتاب تحریر کی تھی، لیکن بہت سے پاکستانی و دیگر ممالک کے افراد اردو سے واقف نہیں ہوتے، ان کی رہنمائی کے لئے آپ کے صاحبزادہ نے جو کہ ابھی ملائیشیا کی یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں، اس کتاب کا انگریزی میں ترجمہ کر دیا ہے، اور تخریج احادیث کی خدمت بھی انجام دی ہے۔

کتاب میں آسٹریلیا میں رائج غذاؤں ومشروبات کی حلت وحرمت، مرد وخواتین کے لباس و حجاب کے احکام، تصویر کشی، سود، عقائد نماز، روزہ، حج، زکوۃ، حقوق العباد، معاشرتی روابط، حدود وطلاق کا صحیح طریقہ کار جیسے مباحث کو بیان کیا گیا ہے۔

کتاب کی طباعت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، اور دلائل وحوالوں کے ساتھ اپنے موقف کو پیش کیا ہے، البتہ اگر حوالے مکمل دئے جاتے اور کتابیات مکمل کوائف کے ساتھ شامل کی جائیں تو بہتر ہوتا۔ حواشی نمبر ترجمہ کے بجائے عربی ٹیکسٹ پر دینا چاہئے، ڈاکٹر صاحب کے صاحبزادہ کی یہ قابل قدر کوشش ہے، جو ان کے بہتر مستقبل کی خبر دے رہی ہے، اللہ تعالیٰ مزید خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

کتاب کا نام: Performance Umrah, Hajj and Ziyarah. (English)

مصنف: Dr. Shabbir Ahmed

Traslated by: Hafiz Ikramullah Ahmed

ناشر: Mount Druitt Sydney Australia

قیمت: 175 pages-Nil

ڈاکٹر شبیر احمد صاحب نے حج، عمرہ اور زیارات پر جانے والوں کے لئے جیبی پاکٹ سائز میں عمدہ پیپر اور ر چار کلر میں یہ کتاب شائع کی ہے۔